نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ

Bullet No. 1 ... 13

Balochistan Express

Quetta

# Gwadar must benefit from CPEC solar initiative: CM

By Our Reporter

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has termed the provision of home solar systems a significant milestone for the people of the province, reaffirming the government's commitment to fulfilling electricity needs through alternative energy projects.

Speaking at a ceremony in Quetta on Wednesday, the Chief Minister expressed gratitude to the Chinese government for providing home solar systems under the CPEC initiative, stating that the project would help alleviate public hardships. He noted that these solar systems had been lying in warehouses for months, but the current government ensured their transparent distribution and low-cost installation.

CM Bugti praised the efforts of the Parliamentary Secretary for Energy, the Chief Secretary, and the Secretary for Energy, stating that the project was initially allocated Rs 350 to 400 million. However, due to efficient planning, it is now being completed within Rs 120 to 130 million, resulting in significant savings for the national treasury.

Highlighting the importance of Gwadar as the heart of CPEC, CM Bugti directed authorities to provide at least 5,000 households in Gwadar with home solar systems. He emphasized that the people of Gwadar should directly benefit from CPEC, as their sacrifices have played a crucial role in making the project a reality.

He further announced that the Balochistan government is incorporating off-grid power stations into its development budget to ensure electricity supply to areas lacking conventional grid stations. As part of this initiative, pilot projects will be launched in Nokundi, Buleda, Sui, Sherani, and Mashkhel, with plans to expand to other districts later.

CM Bugti strongly criticized the Quetta Electric Supply Company (QESCO), calling it a "white elephant" due to its poor performance and mismanagement. **Continued on page 7**

He pointed out that high line losses and rampant corruption within QESCO have exacerbated public grievances.

Addressing the solarization of agriculture, the Chief Minister announced that the Balochistan government, in collaboration with the federal government, has launched a Rs 50 billion mega project to shift agricultural tube wells to solar energy.

However, he lamented that QESCO's inefficiency was causing delays in some areas.

"If QESCO does not act swiftly, the provincial government will complete the installation of solar systems for farmers independently," he warned.

CM Bugti stated that farmers are eager to switch from QESCO to solar energy and assured that the government would expedite the project to strengthen the agricultural sector and economy.

Reiterating his government's dedication to public welfare projects, CM Bugti assured that more energy initiatives would be introduced for the people of Balochistan.

He instructed relevant departments to ensure the fair and transparent distribution of solar systems, preventing any interference by ineligible individuals.

He further pledged that the Balochistan government would continue taking every possible measure for the province's development and introduce new projects wherever feasible to improve the lives of its people.

The Chief Minister also appreciated the contributions of Friends of China Forum Chairman, Bayzid Khan Kasi, for strengthening ties between the Chinese and Balochistan governments and extended his best wishes to him.

Earlier, Parliamentary Secretary for Energy, Mir Asghar Rind, and Additional Secretary of the Energy Department also shared their views on the Home Solar System Program.




**Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti inaugurates the provision of 15,000 solar home systems with the support of the Chinese government. Provincial ministers, assembly members, and the Chief Secretary of Balochistan are also present.**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 06 MAR 2025 Page No. 14

## ترقیاتی اسکیموں کی نگرانی میں غفلت، صوبائی وزیر مواصلات کا اظہار برہمی

**چیف انجینئرز اور سپرنٹنڈنگ انجینئرز متعلقہ اسکیموں کا دورہ اور ہفتہ وار رپورٹ پیش کریں، سلیم کھوسہ**

کوئٹہ (خ ن) صوبہ بھر میں ترقیاتی اسکیموں کی نگرانی میں غفلت پر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی برہمی۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے ترقیاتی اسکیموں کی نگرانی میں غفلت برتنے پر چیف انجینئرز اور سپرنٹنڈنگ انجینئرز پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ محکمے کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات کے دفتر نے 18 فروری 2025 کو ایک خط کے ذریعے تمام متعلقہ انجینئرز افسران کو ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی اور رپورٹنگ کی سخت ہدایات دی تھیں۔ تاہم، متعدد اجلاسوں اور بار بار یاددہانیوں کے باوجود مقررہ رپورٹس پیش نہیں کی گئیں، جس پر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے انجینئر افسران کی جانب سے دی گئی ہدایات کی سختی سے تعمیل ضروری ہے۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے تمام چیف انجینئرز اور سپرنٹنڈنگ انجینئرز کو فوری طور پر اپنی متعلقہ اسکیموں کا دورہ کرنے اور ہفتہ وار بنیادوں پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔ حکام کو متنبہ کیا گیا ہے کہ اگر آئندہ بھی اس حوالے سے کوتاہی برتی گئی تو بی ای ڈی اے 2011 کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## زرعی انقلاب کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائینگے، علی حسن

**بلوچستان میں زراعت کے شعبے کے فروغ کیلئے دیرپا منصوبوں پر عمل کیا جائیگا، صوبائی وزیر کا خطاب**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو میر علی حسن زہری کی زیر صدارت محکمہ زراعت و کوآپریٹو کی کارکردگی کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت سمیت اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر کو سیکرٹری زراعت نے ادارے کی کارکردگی و ادارے کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں زراعت کے حوالے سے وسیع مواقع اور بہتری کی گنجائش موجود ہے اور بہت جلد صوبے میں زرعی انقلاب لانے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ محکمہ کے افسران ہر صورت اپنی کارکردگی بہتر بنائیں۔ زمینداروں اور کسانوں کو درپیش مسائل کے حل میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ زمینداروں کو سہولیات کی فراہمی اور بروقت معلومات فراہم کرنے کے لئے فوری اور موثر اقدامات اٹھائے جائیں کیونکہ جب کسان

## عالمی ادارہ صحت کا کردار قابل تحسین ہے، بخت محمد کاکڑ

**صوبائی وزیر صحت کی پاکستان میں نمائندے ڈاکٹر لوو ڈوپنگ سے گفتگو**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر برائے صحت بخت محمد کاکڑ سے عالمی دارہ صحت کے پاکستان میں نمائندے ڈاکٹر لوو ڈوپنگ نے ملاقات کی اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق قریش، ایڈیشنل سیکرٹری صحت شہک بلوچ ودیگر بھی موجود تھے صوبائی وزیر صحت نے عالمی ادارہ صحت کی بلوچستان میں صحت کیلئے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عالمی ادارہ صحت بلوچستان میں مختلف بیماریوں سے بچاؤ کیلئے صوبائی محکمہ صحت کے شانہ بشانہ کام کر رہا ہے جس سے بہت سی بیماریوں کے خاتمے میں مدد ملی ہے بلوچستان رقبے کے لحاظ سے بڑا صوبہ ہے عالمی ادارہ صحت کی جانب سے نہ صرف طبی آلات بلکہ دیگر سامان اور ادویات کے حوالے سے بھی مدد کا سلسلہ جاری ہے اس موقع پر ڈاکٹر لوو ڈوپنگ کی جانب سے محکمہ صحت بلوچستان کو طبی آلات، سامان اور ادویات بھی عطیہ کی گئیں۔

## عوام کی بے لوث خدمت کرنا میرا مشن ہے، سردار کوہیار ڈومکی

**صوبائی وزیر صنعت وحرفت کی عمائدین اور پارٹی کارکنوں سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر صنعت وحرفت سردار کوہیار خان ڈومکی سے عمائدین اور حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے پارٹی کارکنوں نے ملاقات کی اور صوبائی وزیر کو مسائل سے آگاہ کیا صوبائی وزیر نے بعض مسائل کے حل کے لئے فوری طور پر احکامات صادر بھی کی صوبائی وزیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علاقائی مسائل کو جلد حل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں میرا مشن ہے عوام کی بے لوث خدمت کرنا ہے میرا آفس ایک عوامی دفتر ہے یہاں ہر شخص آکر اپنے مسائل سے آگاہ کر سکتا ہے میرا یہاں بیٹھنے کا مقصد ہی عوام کو ریلیف پہنچانا اور ان کے مشکلات اور مسائل کی حل کے لیے اقدامات کرنا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 06 MAR 2025 Page No. 15


## صوبائی وزراء اراکین اسمبلی: قیام امن کیلئے سیکورٹی اداروں کی کارکردگی قابل تحسین ہے

دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، بخت محمد کاکڑ، میر سلیم کھوسہ

بڑے نقصان کا تدارک کیا گیا، ملکی حفاظت کیلئے پاکستان کی مسلح افواج سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہیں، زرک مندوخیل، محمد خان لہڑی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی کا بنوں چھاؤنی پر فتنہ الخوارج کے ناکام حملے کے تناظر میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح بزدلانہ کارروائی ہمیشہ ناکام ہوگی عوام سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے یہ بات صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ، پارلیمانی سکرٹری حاجی محمد خان لہڑی......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

اورکن اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے بیان جاری کرتے ہوئے کی انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے 5 جوانوں کو خراج عقیدت اور شہداء کی بلندی درجات کی دعاء اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں بنوں چھاؤنی حملہ میں ملوث فتنہ الخوارج کے تمام 16 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جان پر کھیلتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنادیا

## محکمہ ترقی نسواں خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے سرگرم عمل ہے، ربابہ بلیدی

خواتین کو فوری مدد اور قانونی معاونت کی فراہمی کیلئے کرائسز سینٹرز کو مزید فعال بنایا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی زیر صدارت وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سالانہ پیش رفت رپورٹ، محکمانہ چیلنجز اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی سیکریٹری سائرہ عطاء، ایڈیشنل سیکریٹری، سیکریٹریٹ، ڈائریکٹوریٹ اور کرائسز سینٹرز کے تمام اسٹاف نے شرکت کی۔ اجلاس ......

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ نہ صرف پالیسی سازی بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے بھی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کرائسز سینٹرز کو مزید فعال بنایا جارہا ہے تاکہ خواتین کو فوری مدد اور قانونی معاونت فراہم کی جاسکے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 06 MAR 2025 Page No. 15


# قیام امن کیلئے سیکورٹی اداروں کی کارکردگی قابل تحسین ہے، صوبائی وزرا، اراکین اسمبلی

دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، بخت محمد کاکڑ، میر سلیم کھوسہ

بڑے نقصان کا تدارک کیا گیا، ملکی حفاظت کیلئے پاکستان کی مسلح افواج سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہیں زرک مندوخیل، محمد خان لہڑی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی کا بنوں چھاؤنی پر فتنۃ الخوارج کے ناکام حملے کے تناظر میں فتنۃ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح بزدلانہ کاروائی ہمیشہ ناکام ہوگی عوام سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے یہ بات صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ پارلیمانی سکرٹری حاجی محمد خان لہڑی..........

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

اور رکن اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے بیان جاری کرتے ہوئے کی انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے 5 جوانوں کو خراج عقیدت اور شہداء کی بلندی درجات کی دعاء اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کاروائی میں بنوں چھاؤنی حملہ میں ملوث فتنہ الخوارج کے تمام 16 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جان پر کھیلتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنادیا

# محکمہ ترقی نسواں خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے سرگرم عمل ہے، ربابہ بلیدی

خواتین کو فوری مدد اور قانونی معاونت کی فراہمی کیلئے کرائسز سینٹرز کو مزید فعال بنایا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلی بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی زیر صدارت وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سالانہ پیش رفت رپورٹ، محکمانہ چیلنجز اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی سیکریٹری سائرہ عطاء، ایڈیشنل سیکریٹری، سیکریٹریٹ، ڈائریکٹوریٹ اور کرائسز سینٹرز کے تمام اسٹاف نے شرکت کی۔ اجلاس ..........

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ نہ صرف پالیسی سازی بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے بھی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کرائسز سینٹرز کو مزید فعال بنایا جارہا ہے تاکہ خواتین کو فوری مدد اور قانونی معاونت فراہم کی جاسکے

CamScanner

حلوتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 MAR 2025

Page No. 16

## چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس، محکموں کے امور پر غور

### صوبائی سلیکشن بورڈ نے مختلف محکموں کے افسران کی ترقی کی سفارش کردی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف محکموں کے 161 ایجنڈے شامل تھے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے آفیسرز کو مختلف گریڈ میں ترقی کی سفارش کی گئی۔ اجلاس میں محکمہ......

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

زراعت، ایکسائز، کالجز، ایس اینڈ جی اے ڈی، لائیو اسٹاک، سوشل ویلفیئر، سکولز، پی ایچ ای و دیگر محکموں کے 1049 آفیسرز کو بی پی ایس 19 گریڈ سے 20، 18 سے 19، 17 سے 18 گریڈ میں ترقی کی سفارش کی گئی۔



کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سلیکشن بورڈ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ترقیاتی منصوبوں کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 MAR 2025 Page No. 17

## نال دھماکہ بلوچستان کا پرامن ماحول خراب کرنیکی ناکام کوشش ہے، حکومتی ترجمان

**عوام اور سیکورٹی فورسز کے عزم کو کمزور نہیں کیا جاسکتا، شاہد رند، زخمیوں کو بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے تحصیل نال، خضدار میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی دہشت گردانہ کارروائیاں بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی ناکام کوشش ہیں لیکن عوام اور سیکورٹی فورسز کے عزم کو کمزور نہیں کیا جاسکتا ترجمان نے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ ترجمان نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور کسی بھی قیمت پر دہشت گردوں کو امن و امان خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی واقعے میں ملوث عناصر کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور انہیں ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## خضدار کے علاقے نال میں دھماکہ بزدلانہ فعل ہے، شاہد رند

**بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے**

**ایسے حربوں سے عوام اور سیکیورٹی فورسز کے عزم کو کمزور نہیں کیا جاسکتا، ترجمان حکومت**

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے تحصیل نال، خضدار میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی دہشت گردانہ کارروائیاں بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب......

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کرنے کی ناکام کوشش ہیں، لیکن عوام اور سیکیورٹی فورسز کے عزم کو کمزور نہیں کیا جاسکتا ترجمان نے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ ترجمان نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور کسی بھی قیمت پر دہشت گردوں کو امن و امان خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی واقعے میں ملوث عناصر کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور انہیں ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا۔

INTEKHAB QUETTA

## غیر قانونی مقیم افغان مہاجرین کو واپس جانے کی ہدایت

**اسسٹنٹ کمشنر امتیاز علی بلوچ نے افغان مہاجرین کو 31 مارچ تک رضا کارانہ طور پر پاکستان سے افغانستان واپس جانے کا حکم جاری کردیا**

**مقررہ مدت کے بعد یکم اپریل سے چمن و گردونواح میں موجود افغان مہاجرین کو گرفتار کر کے افغانستان واپس بھیج دیا جائے گا**

چمن (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر صدر امتیاز علی بلوچ نے افغان مہاجرین کو 31 مارچ تک رضا کارانہ طور پر افغانستان واپس جانے کا حکم جاری کردیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مقررہ مدت کے بعد یکم اپریل سے چمن اور گردونواح میں موجود تمام افغان مہاجرین کو گرفتار کر کے افغانستان واپس بھیج دیا جائے گا۔ انتظامیہ کے مطابق، حکومتی احکامات پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا اور غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف کارروائی میں کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ حکام نے مہاجرین سے اپیل کی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ سے پہلے اپنی واپسی کو یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچا جاسکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 06 MAR 2025 Page No. 18

## کوئٹہ کراچی تفتان شاہراہیں بند مستونگ سوراب اور قلات میں مظاہرے

سوراب میں نوجوانوں کی بازیابی کیلئے ان کے اہلخانہ کا احتجاجاً روڈ بلاک کر کے احتجاج، سینکڑوں گاڑیاں پھنس گئیں

تفتان شاہراہ کوتل کے مقام پر لوگوں نے احتجاجی کیمپ لگا کر احتجاج شروع کر رکھا ہے جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی

**مستونگ اور قلات میں شاہراہوں پر احتجاجی مظاہرے، مظاہرین سے مذاکرات کیے جائیں، مال بردار گاڑیوں کے ڈرائیورز کا مطالبہ**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے مستونگ، سوراب اور قلات میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ جبکہ مستونگ میں کوئٹہ تفتان شاہراہ کو لاپتہ افراد کے اہلخانہ خیمے نصب کر کے دھرنے دے رکھے ہیں گزشتہ 6 روز سے احتجاج کی وجہ سے کوئٹہ تفتان اور کوئٹہ کراچی شاہراہ ٹریفک کی آمد و رفت کے لئے بند ہے جس کی وجہ سے سڑک کے دونوں جانب چھوٹی بڑی گاڑیوں کے علاوہ مال بردار گاڑیاں جن میں پھل ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سبزیاں اور دیگر کھانے پینے کا سامان لوڈ ہیں وہ بھی پھنسی ہوئی ہیں گزشتہ دنوں سوراب علاقے میں جبری طور پر لاپتہ کئے گئے نوجوانوں کی بازیابی کیلئے ان کے اہلخانہ احتجاجاً روڈ بلاک کر کے احتجاج کیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی اس کے علاوہ قلات میں گزشتہ روز خودکش حملے کے بعد آپریشن کے دوران 35 افراد کو گرفتار کیا گیا جن میں سے 8 نوجوان پولیس تھانے میں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ مستونگ میں کوئٹہ تفتان شاہراہ پر کوتل کے مقام پر لوگوں نے احتجاجی کیمپ لگا کر احتجاج شروع کر رکھا ہے جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی ہے کوتل مستونگ اور نوشکی کا سرحدی علاقہ ہے جہاں پر احتجاج کی وجہ سے مال بردار بڑی گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں

INTEKHAB QUETTA

## اختر مینگل کی اگر خود گرفتاری، 5 روز سے وڈھ تھانے میں موجود

حکومت کی جانب سے تاحال کسی بھی قسم کی سنجیدہ پیش رفت دیکھنے میں نہ آسکی، سرکاری حکمت عملی کی سردمہری کے باعث سیاسی و سماجی حلقے مایوسی کا شکار

**آج بلوچستان کی مختلف قومی شاہراہوں پر احتجاج اور دھرنے دیئے جائیں گے، بی این پی مینگل کا اعلامیہ**

وڈھ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل گزشتہ پانچ روز سے وڈھ پولیس تھانہ میں جعلی ایف آئی آر کے اندراج بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کی کال پر آج 6 مارچ بروز جمعرات صوبے کی مختلف قومی شاہراہوں پر دھرنے دیے جائیں گے۔ بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر

دھرنے پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل، میر لورگین مینگل سمیت 1800 سے زائد بلوچوں کے خلاف درج مقدمات اور حکومتی وعدوں سے روگردانی کے خلاف احتجاجاً دیے جارہے ہیں۔ بی این پی نے بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز، عوام اور تمام طبقات سے اپیل کی ہے کہ وہ دھرنوں کو کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور سفر سے گریز کریں۔ پارٹی رہنماں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد نہ ہونے اور سیاسی کارکنوں کے خلاف مقدمات کے اندراج کے خلاف احتجاج ناگزیر ہو چکا ہے۔ دھرنوں کے پیش نظر صوبے میں سفری سرگرمیاں متاثر ہونے کا امکان ہے، جبکہ ٹرانسپورٹ اور کاروباری حلقے بھی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔

## کل بلوچستان میں احتجاج کا اعلان

## رہنماؤں کی ٹارگٹ کلنگ پر خاموش نہیں رہیں گے، جمعیت

رہنماؤں کے قاتلوں کی عدم گرفتاری یہاں کے امن کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے، کسی بھی صورت خضدار کا امن خراب نہیں کرنے دیں گے

**سات مارچ کو حکومت کی مجرمانہ خاموشی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں ناکامی کے خلاف صوبے بھر میں احتجاج کیا جائے گا، مولانا واسع**

خضدار (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام خضدار کا شہید وڈیرہ غلام سرور شہید مولانا امان اللہ زہری شہید کے قاتلوں کی عدم گرفتاری حکومت اور انتظامیہ کے نااہلی کے خلاف خضدار میں احتجاجی مظاہرہ تفصیلات کے مطابق وڈیرہ غلام سرور شہید مولانا امان اللہ شہید سمیت مولانا صدیق مینگل شہید کے قاتلوں کی عدم گرفتاری یہاں کے امن کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے کسی صورت خضدار کی امن بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

کو خراب کرنے نہیں دیں گے جے یو آئی کے مرکزی سرپرست و ضلعی امیر مولانا قمر الدین، ضلعی ناظم عمومی مولانا عنایت اللہ رودینی، ایم پی اے خضدار میر یونس زہری مولانا فیض محمد سمانی سردار علی محمد قلندرانی جسٹس عبدالقادر مینگل مولانا بشیر احمد عثمانی مولانا محمد اسحٰق شاہوانی، مفتی عبدالقادر شاہوانی و دیگر مقررین نے احتجاجی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک سوچی سمجھی منصوبے کے تحت جے یو آئی کے اکابرین کو ٹارگٹ کیا جارہا ہمیں بتایا جائے ہمارا قصور کیا ہے کیا ہم امن کی بات کرتے ہیں سلامتی کی بات کرتے چوری ڈکیتی اور ظلم کیخلاف بات کرتے ہیں کیا ہمیں اسی کی سزا دی جارہی ہے حکومت اور انتظامیہ اگر امن قائم نہیں کر سکتے تو پھر تنخواہ کس بات کی لیتے ہیں حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی رٹ بالکل ختم ہو کر رہ گئی ہیا انتظامیہ کی اس سے بڑھ کر اور کیا نااہلی ہو گی کہ انہیں ایف آئی آر کیلئے کاغذ قلم تک انکو میسر نہیں۔ انتظامیہ اگر امن قائم نہیں کر سکتی تو شہر جیو آئی کے حوالہ کر دیں ہم یہاں امن قائم کر کے دیں گے ہمارے صبر اور تحمل کو کمزوری نا سمجھا جائے جیو آئی کے رہنماؤں کی ٹارگٹ کلنگ پر کسی صورت خاموش نہیں رہیں گے۔ اپنے اکابرین کے حکم کے منتظر ہیں وگرنہ اپنے قاتلوں سے نمٹنا اچھی طرح سے جانتے ہیں حکومت اور ضلعی انتظامیہ ہوش کے ناخن لے۔

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے وڈیرہ غلام سرور موسیانی اور مولانا امان اللہ کی شہادت کے خلاف اور حکومت کی نااہلی و بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

غفلت کے خلاف 7 مارچ بروز جمعہ کو پورے بلوچستان میں احتجاج کی کال دے دی ہے۔ جے یو آئی بلوچستان کے ترجمان کے مطابق، یہ احتجاج صوبے بھر میں کیا جائے گا، جس میں حکومت کی مجرمانہ خاموشی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں ناکامی کے خلاف شدید احتجاج کیا جائے گا۔ پارٹی رہنماں کا کہنا ہے کہ حکومت کی نااہلی کے باعث امن و امان کی صورتحال روز بروز خراب ہو رہی ہے اور عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے اور صوبے میں امن و امان بحال کیا جائے۔ احتجاج کے دوران صوبے کے مختلف اضلاع میں مظاہرے اور ریلیاں نکالی جائیں گی، جن میں پارٹی کارکنان اور عوام بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 06 MAR 2025 Page No. 18

# مستونگ سے گرفتار داعش کمانڈر امریکہ کے حوالے

## ٹرمپ کا پاکستان سے اظہار تشکر

امریکہ اور روس کو مطلوب اہم کمانڈر شریف اللہ ازبک کو 2 ہفتے قبل پاکستانی اداروں نے اسپیشل آپریشن کے دوران گرفتار کیا، ہمارے پاس موجود ہے، ورجینیا کی وفاقی عدالت میں پیش کیا جائے گا، ایف بی آئی کے ڈائریکٹر کا بیان

امریکی صدر کا بیان خوش آئند، یہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف ہے، شہباز شریف، ڈار سے امریکی قومی سلامتی کے مشیر کا ٹیلیفونک رابطہ، دہشت گردی کے خلاف کوششوں پر شکریہ

اسلام آباد/ واشنگٹن (انتخاب نیوز + مانیٹرنگ ڈیسک + ایجنسیز) امریکہ اور روس کو مطلوب عالمی دہشت گرد تنظیم داعش کے اہم کمانڈر شریف اللہ ازبک دو ہفتے قبل مستونگ بلوچستان سے گرفتاری کے بعد امریکہ کے حوالے کر دیا گیا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا اظہار مسرت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی کوششوں کو سراہا گیا واضح رہے کہ شریف اللہ اگست 2021 کابل ایئر پورٹ پر امریکی فوجوں پر خودکش حملے اور کراکس روس حملے اور کرمان ایران حملوں میں براہ راست ملوث رہے ہیں شریف اللہ کو اس وقت امریکی ریاست ورجینیا مزید تفتیش کیلئے منتقل کیا گیا ہے۔

گرفتار دہشت گرد شریف بقیہ نمبر 45 صفحہ 5 پر

اللہ کے امریکا پہنچنے پر فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن (ایف بی آئی) کے ڈائریکٹر کشیپ پٹیل کا بیان سامنے آ گیا۔ ڈائریکٹر ایف بی آئی نے کہا کہ دہشت گرد جعفر باضابطہ امریکہ کی تحویل میں آ گیا، امریکی عوام کیلئے انصاف کی فراہمی پر ایف بی آئی، سی آئی اے اور محکمہ انصاف پر فخر ہے۔ امریکی محکمہ انصاف کا کہنا ہے کہ داعش کمانڈر کو ورجینیا کی وفاقی عدالت میں پیش کیا جائے گا، محمد شریف اللہ پر 2021 کے کابل ایئرپورٹ حملے میں مدد کرنے کا الزام ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے افغانستان میں دہشت گردی کے خلاف تعاون پر حکومت پاکستان سے اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف ہے۔ امریکی صدر کا منصب سنبھالنے کے بعد کانگریس سے پہلے طویل ترین خطاب میں ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ انتہا پسند دہشتگردی کے خلاف ہیں، مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہے کہ افغانستان میں دہشتگردی کا بڑا ذمہ دار پکڑا گیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے حکومت پاکستان سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اس دہشتگرد کی گرفتاری میں مدد پر پاکستان کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں، اس موقع پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے افغانستان سے انخلا کو انتہائی شرمناک بھی قرار دیا اور کہا کہ یہ فیصلہ امریکا کی پوزیشن اور سکیورٹی پالیسی پر منفی اثر ڈال سکتا ہے۔ دریں اثنا وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشت گردی کیخلاف جنگ میں اہم کردار ادا کیا، امریکی صدر کا بیان دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف ہے، پاکستان کی انسداد دہشتگردی کی کوششوں کا اعتراف خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 80 ہزار جانوں کی قربانی دی، پاکستان کی انسداد دہشتگردی میں قربانیوں کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے کہا نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا رہا ہے تا کہ دہشت گردوں اور شدت پسند گروہوں کو محفوظ پناہ گاہوں سے محروم کیا جا سکے اور کسی بھی ملک کے خلاف ان کی کارروائیوں کو روکا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی کی لعنت ختم کرنے کیلئے قیادت اور عوام کا عزم غیر متزلزل ہے، امریکا کے ساتھ علاقائی امن و استحکام کیلئے شراکت داری جاری رہے گی۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے امریکی قومی سلامتی کے مشیر مائیکل والٹز نے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور دہشت گردی کیخلاف حکومت پاکستان کی کوششوں پر شکریہ ادا کیا' وزیر خارجہ نے امریکی مشیر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان ٹرمپ انتظامیہ کے تحت امریکہ کے ساتھ اپنے وسیع البنیاد تعلقات کو استوار کرنے کا خواہاں ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مشیر نے دہشت گردی کے خلاف حکومت پاکستان کی کوششوں پر صدر ٹرمپ کی طرف سے شکریہ ادا کیا۔

# نال قبائلی رہنما صمد سالانی کی گاڑی پر بم دھماکہ 4 افراد جاں بحق 5 زخمی

حملے میں صمد سالانی شدید زخمی، گاڑی ویلڈنگ کی دکان پر مرمت کیلئے کھڑی تھی کہ قریب کھڑی موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹ گیا

بم دھماکہ قابل مذمت ہے، زخمیوں کو فوری بہترین طبی سہولیات فراہمی کی جائیں اور واقعہ کی تحقیقات کی جائے، وزیراعلیٰ کی ہدایت

کوئٹہ + خضدار (آن لائن) تحصیل نال سٹی میں نامعلوم افراد کی جانب سے کبدو کے رہائشی صمد سالانی کی گاڑی پر دھماکہ کیا گیا جس کے نتیجے میں چار افراد ہلاک جبکہ پانچ افراد زخمی ہوئے مقامی انتظامیہ کے مطابق صمد سالانی شدید زخمی ہیں۔ ہلاک افراد میں عبیداللہ ولد لعل بخش منیر احمد ولد عبدالغنی نادر اور ایک نامعلوم شخص شامل ہیں

بقیہ نمبر 62 صفحہ 5 پر

تفصیلات کے مطابق صمد سالانی اپنی گاڑی کو ویلڈنگ کی دکان پر مرمت کرا رہے تھے عین اسی وقت موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹ گیا۔ جس کے نتیجے میں چار افراد جاں بحق اور پانچ افراد زخمی ہوئے ہلاک افراد میں دو راہ گیر بھی شامل ہیں ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کے مطابق واقعہ کے فوراً بعد لیویز جائے وقوعہ پر پہنچ گئی زخمیوں کو ٹراما سینٹر خضدار شفٹ کیا گیا ہے۔ دھماکے میں قریب کھڑی کئی گاڑیاں بھی آگ لگنے سے جل گئے۔ علاوہ ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تحصیل نال، خضدار میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور انسانیت دشمن کارروائی قرار دیا ہے انہوں نے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو فوری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور واقعے کی مکمل تحقیقات کر کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گرد عناصر کے لیے کوئی جگہ نہیں، امن دشمنوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 MAR 2025 Page No. 21


# تربت: بیشتر بینکوں کی اے ٹی ایمز بند کھاتہ داروں کو سخت مشکلات

## رمضان المبارک میں کھاتہ داروں بالخصوص تنخواہ دار طبقہ مایوسی کا شکار، متعلقہ حکام فوری نوٹس لیں: کھاتہ دار

تربت (نامہ نگار) رمضان المبارک کے دوران شہر میں بیشتر بینکوں کی اے ٹی ایمز بند کھاتہ داروں، خصوصاً سرکاری ملازمین کو رقم نکالنے میں سخت دشواری پیش آرہی ہے شہر میں موجود درجن سے زائد بینکوں میں سے بیشتر کی اے ٹی ایمز دو دن سے بند پڑی ہیں کچھ کے دروازے پر تالے لگے پڑے ہیں جبکہ کچھ پر عارضی طور پر بند کا نوٹس چسپاں کر دیا گیا ہے عوامی حلقوں نے شکایت کی ہے کہ مسئلہ صرف آج کا نہیں بلکہ رمضان سے پہلے یہ سلسلہ جاری ہے اے ٹی ایم بند ہونے کے باعث شہریوں کو ایک دو مشینوں کے سامنے طویل قطاروں میں گھنٹوں انتظار کرنا پڑ رہا ہے خاص طور پر دیہی علاقوں سے آئے افراد جو اپنی تنخواہ نکال کر رمضان کے لیے ضروری اشیاء خریدنے آتے ہیں شدید مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں کھاتہ داروں نے بینکوں کی غیر ذمہ دارانہ اقدام پر احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ حکام صورتحال کا فوری نوٹس لے کر تمام اے ٹی ایمز کو فعال بنائیں۔

# کوئٹہ، گیس کی بندش کے باعث صارفین کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گیس کمپنی صارفین کو بلاتعطل گیس کی فراہمی میں بری طرح ناکام ہوگئی، رمضان المبارک میں صارفین خوار، امور خانہ داری بھی متاثر، سوئی گیس کمپنی کا لوڈ شیڈنگ پلان بھی بے سود، تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں سحر وافطار کے اوقات میں گیس غائب رہنا معمول بن گیا، سحری وافطاری کی تیاری میں شدید مشکل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ وسطی ونواحی علاقوں میں سحری وافطاری کے اوقات میں گیس پریشر غائب رہنا معمول بن گیا ہے جسکی وجہ سے گھریلو امور بری طرح متاثر ہو رہے ہیں اور خواتین کو سحری وافطاری کی تیاری میں شدید مشکل کا سامنا ہے عوامی وسماجی حلقوں نے سوئی گیس حکام سے اپیل کی کہ وہ گیس پریشر میں کمی کا نوٹس لیں اور سحری وافطاری کے اوقات میں پریشر کے ساتھ گیس کی فراہمی کے لئے اقدامات کریں۔

# خیزی چوک، طویل عرصے سے صفائی نہ ہونے کے باعث گندگی کے ڈھیر

## کچرہ نصف سڑک تک پھیل گیا، ہر طرف تعفن، ایڈمنسٹریٹر سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (سٹی ڈیسک) خیزی چوک پر طویل عرصے سے صفائی نہ ہونے کے باعث گندگی کے ڈھیر، ہر طرف تعفن پھیل گیا۔ اہل علاقہ نے بتایا کہ طویل عرصے سے صفائی نہیں کی جارہی جس کے باعث چوک سے ملحقہ میدان میں کچرے کا ڈھیر لگ گیا ہے جبکہ گندگی نصف سڑک تک پھیل گئی ہے جس سے ٹریفک روانی متاثر ہو رہی ہے۔ گندگی کے باعث مچھروں کی بہتات اور تعفن پھیلا ہوا ہے انہوں نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن حمزہ شفقات سے اپیل کی کہ مذکورہ علاقے میں صفائی کی صورتحال بہتر بنائی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: انتخاب

Bullet No. 6

Datec 06 MAR 2025

Page No. 22

## وزیراعظم کا سحر وافطار میں گیس کی عدم فراہمی پر نوٹس!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں ایک عرصے سے گیس کا بحران ہے، افسوس کی بات یہ ہے کہ گیس جو بلوچستان کے علاقے سوئی سے نکل رہی ہے اور یہ پورے ملک میں سپلائی کی جاتی ہے جو سی این جی سٹیشنز ،فیکٹریاں اور گھریلو استعمال میں لائی جاتی ہے لیکن اس سے بلوچستان کے اپنے علاقے محروم ہیں۔گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ ایک عرصے سے درپیش ہے جو بار بار یقین دہانیوں کے باوجود ٹھیک نہیں ہورہا اس کے علاوہ گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا عمل بھی جاری ہے جو کہ ماہ رمضان المبارک میں کسی بھی طرح صحیح اقدام نہیں ہے۔گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں لیکن اس کے باوجود گیس کمپنی کی جانب سے کوئی خاطر خواہ اقدامات نہیں کئے جارہے جو کہ اس کے لیے ایک لمحہ فکریہ اور قابل تشویش ہے۔اب مقدس ماہ رمضان المبارک میں گیس حکام نے یہ وعدہ کیا تھا کہ سحر وافطار کے وقت گیس فراہم کی جائے گی لیکن ان کا یہ وعدہ وفا نہ ہوسکا کیونکہ اکثر علاقوں میں سحر وافطار کے اوقات میں گیس کے نہ ہونے کی شکایات آرہی ہیں جن کا ازالہ کرنا ضروری ہے۔

گذشتہ روز وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے ماہ رمضان کے دوران سحر وافطار میں گیس کی فراہمی میں مشکلات کا نوٹس لیتے ہوئے اس سلسلے میں فوری اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔وزیراعظم نے اس حوالے سے رات گئے ہنگامی اجلاس منعقد کیا جس میں سوئی کمپنیوں کے مینجنگ ڈائریکٹرز اور سینئر انتظامیہ کے ساتھ سحر وافطار میں گیس کی فراہمی کے مسائل پر تفصیل سے گفتگو کی گئی۔وزیراعظم کی ہدایت پر سوئی سدرن گیس کمپنی نے فوری طور پر گیس پریشر میں 10 فیصد اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس کے علاوہ گیس دسٹری بیوشن مراکز کے آخری زون میں واقع علاقوں میں سحری اور افطار کے اوقات سے 45-30 منٹ پہلے گیس کی فراہمی شروع کردی جائے گی جس سے ان علاقوں میں گیس کے پریشر میں بہتری آئے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Times Quetta

Bullet No. 6

Dated: 06 MAR 2025 Page No. 23

# Promoting local handicrafts

The handicrafts of Balochistan, which have huge potential to provide employment opportunities to the locals, needed government attention to get a market approach. The local handicrafts have been made in a huge quantity across the province, which are popular across the country and can be revealed as a best source of income for the local women. Balochistan is known for unique and intricate production of handicrafts which include handmade Balochi shoes known for their durability, uniqueness and fineness all over the country; fine mirror work, embroidery, and marble work and fine quality precious stones. The hand-made manufacturing of Balochi shoes, bags, welts, cloths, hand bags and much other stuff are fine work requiring keen attention and hard work and great potential to attract buyers and earn revenue. Unfortunately, no serious attention has been paid by the successive governments to promote handicraft sector in Balochistan therefore despite all the uniqueness, the handicraft sector could not thrive in the province. This heritage is diminishing due to the rising prices of raw material and lack of patronage from the government. No policy had been formulated for the home-based workers associated with traditional shoemaking unless and until authentic data and statistics was collected about these disadvantaged workers. Home-based workers are an important part of Balochistan's informal economy. Home-based work exists in all sectors of employment including handicrafts, manufacturing and agro-based sectors. It is an important source of employment for the local women who lack social security protection. A little focus on the part of the government can bring a huge change in the life of workers associated with handicraft sector. Through giving its status of industry and encouraging workers, the handicraft sector of the province has potential to engage a huge number of families to earn a respectable livelihood and contribute to strengthening the provincial economy. It is essential that the government play its due role in promoting handicrafts being made in the neglected rural and semi-urban areas of the province by arranging exhibitions, trade fairs and craft bazaars both at home and abroad to create a market for them. The authorities ought to establish handicrafts stalls to generate revenue and create employment opportunities as it would acquaint the people of different regions with diverse culture and traditions of Balochistan. Undoubtedly, through offering domestic skills evaluation and opportunities to locals and assisting the local community of the respective areas in trade and handicraft sectors would bring extra-ordinary change in the financial condition of peoples living remote and rural areas.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06 MAR 2025 Page No. 25


# حکومت کی گھنٹوں کے حساب سے قانون سازی

حکومت کو آئے ہوئے سال گزر گیا ہے، اس سے قبل ن لیگ کی حکومت نے آتے ہی نیب قوانین میں ترامیم کی اور جن لوگوں پر فرد جرم عائد ہونے والی تھی وہ تمام مقدمات سے بری کردیے گئے، نہ صرف وہ بلکہ بیرون ملک فرار سزایافتہ مجرموں کو بھی ایئرپورٹ پر پروٹوکول کے ساتھ خوش آمدید کہا گیا اور بعد میں سزایافتہ اور اشتہاری مجرموں کے بھی مقدمات ختم ہوگئے۔اس کے بعد نیب میں مزید ترامیم کی گئیں جس سے مخالفین کی پکڑ دھکڑ شروع ہوگئی، اس کے بعد سے آج تک یہی سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ روز حکومت نے نیب ترمیمی بل 2024 واپس لے لیا ہے، جس کے تحت نیب کو 14 روز کے بجائے 40 روز تک ملزم کو حراست میں رکھنے کا اختیار دیا گیا تھا۔

حکومت کی قانون سازی کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حکومت صبح جو حالات دیکھتی ہے اس حساب سے قانون سازی کردیتی ہے جبکہ شام تک حالات بدل جاتے ہیں تو پھر وہی دوبارہ قانون سازی کی جاتی ہے۔گزشتہ ساڑھے تین برسوں میں ہونے والی قانون سازی کا جائزہ لیا جائے تو تین چیزوں پر منحصر ہے، نمبر ایک نیب، نمبر دو عدلیہ اور نمبر تین شہری آزادی سلب کرنے کے لیے، اس کے علاوہ ابھی تک عوام کے حقوق اور ان کے وسائل کی حفاظت کے لیے کوئی قانون سازی نہیں کی گئی۔تمام تر قانون سازی حکمرانوں کے اقتدار کو دوام بخشنے اور ان کے کرتوتوں پر پردہ ڈالنے کے لیے کی گئی ہے، آئینی بینچ کے لیے آئینی ترامیم ہو یا پیکا ایکٹ، سب کے پیچھے ایک ہے مقصد ہے اور وہ ہے کہ کسی بھی طرح کوئی بھی پاکستانی عدالت کسی سرکاری ملازم، افسر یا حکومت میں شامل کسی شخص کو عدالت بلانے کی جرات نہ کرسکے، بلوچستان سمیت ملک بھر سے لاپتہ شہریوں کا مسئلہ ہو یا جبری اغوا کا، کسی شہری کو عمرے پر جانے سے روکنے کا معاملہ ہو یا اغوا کرکے تشدد کا، آج تک کسی عدالت کی جرات نہیں ہوسکی کہ وہ ریاست کے شہریوں کے تحفظ کے لیے کسی ریاستی ادارے کے اہلکار کو بھی سزا سنا سکے۔

پاکستان اس وقت ایک ایسی ریاست بن چکا ہے جہاں انسانی حقوق تو دور، انسانی جان کی کوئی قدر نہیں رہی، شہریوں پر ایک جانب دہشت گردوں کے حملے ہورہے ہیں تو دوسری جانب انہیں حکومت کے خلاف آواز بلند کرنے پر اغوا، تشدد اور جبری گمشدگی کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ایسا لگتا ہے کہ ملک میں جنوبی افریقہ کی طرز پر دو ریاستیں ہیں، ایک ریاست حکمرانوں، ریاستی اداروں کے افسران اور اشرافیہ کے لیے ہے، جس میں ان کے کسی عمل اور جرم پر کوئی قانون لاگو نہیں ہوتا، جبکہ دوسری ریاستی شہریوں کے لیے ہے، جن کے حقوق کے تحفظ کے لیے کوئی قانون میسر نہیں ہے، شہری انسانی حقوق تو درکنار حکومت پر تنقید بھی کردے تو برسوں عدالتوں کے چکر لگاتا رہے یا پھر تشدد و جبری گمشدگی کا سامنا کرے۔حکمران اپنے افعال پر غور کریں، اور سنجیدگی سے سوچیں کہ جو کچھ وہ کررہے ہیں ایسا کتنے دن چلے گا اور اس کا انجام بالآخر کیا نکلے گا؟

CamScanner

